انڈسٹری نوٹس # 19-1
برائے فوری اجراء

10 جنوری 2018

Taxi & Limousine Commission

FHV کے ڈرائیور متوجہ ہوں: LAGUARDIA AIRPORT پر ٹرمینل B گیراج آپریشنز کے بارے میں تازہ ترین معلومات

Meera Joshi
کمشنر/چیئر

Allan J. Fromberg
معاملات عامہ
frombera@tlc.nyc.gov

Rebecca Harshbarger
معاملات عامہ
harshbargerR@tlc.nyc.gov

33 Beaver Street
22nd Floor
New York, NY 10004

نیویارک و نیوجرسی کی پورٹ اتھارٹی LaGuardia Airport پر ٹرمینل B گیراج کے آپریشن کے لیے اپنی پالیسیاں تبدیل کر رہی ہے۔

12 جنوری 2019 سے، ٹرمینل B گیراج کے 3 سے 7 تک کے لیول استعمال کرنے والے اور کریڈٹ/ڈیبٹ کارڈ سے یا نقد ادائیگی کرنے والے ڈرائیوروں کو اندر داخل ہونے والے پلازے پر ٹکٹ لینا ہو گا۔ E-ZPass Plus والے ڈرائیوروں پر ٹکٹ لینا لازم نہیں ہو گا اور ان کے E-ZPass Plus ٹیگ سے ہی مطلوبہ ادائیگی خود بخود ہو جائے گی۔

کریڈٹ/ڈیبٹ کارڈ سے یا نقد ادائیگی کرنے والے ڈرائیور لیول 1، 3 اور 4 پر موجود پے-آن-فٹ (pay-on-foot) مشینیں استعمال کر سکتے ہیں۔ کریڈٹ/ڈیبٹ کارڈ سے ادائیگی کرنے والے ڈرائیور باہر نکلنے والے پلازے پر بھی ادائیگی کر سکتے ہیں۔

3 سے 7 تک کے لیول استعمال کرنے کا خرچ درج ذیل ہے:

- پہلے 30 منٹ: مفت
- ہر اضافی 30 منٹ: $5 فی نصف گھنٹہ
- ایک دن کا زیادہ سے زیادہ خرچ: $39

لیول 1 اور 2، FHV اسٹیجنگ (staging) کے لیے بدستور مفت اور لامحدود وقت کے لیے دستیاب رہیں گے۔